حرفِ اوّل

عاکف سعید

بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمْ

'حکمتِ قرآن' کا زیرِ نظر شمارہ اس اعتبار سے امتیازی وصف کا حامل ہے کہ یہ محترم ڈاکٹر اسرار احمد صاحب کی ایک اہم تالیف "نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلّم کا مقصدِ بعثت" پر مشتمل ہے۔ اس تالیف یا کتابچہ میں فلسفۂ دین کے بعض نہایت اہم موضوعات پر محترم ڈاکٹر صاحب کی تین فکر انگیز تحریریں شامل ہیں۔ اس سے قبل اس کتابچے کے تین ایڈیشن شائع ہو چکے ہیں۔ اب چوتھے ایڈیشن کی طباعت کے موقع پر اللہ کی تائید و توفیق سے محترم ڈاکٹر صاحب کو نہ صرف یہ کہ اس کتابچے پر بھر پور نظرِ ثانی کا موقع ملا بلکہ انہوں نے اس کی اضافی تقدیم بھی تحریر کر ڈالی۔ پھر کتابت بھی چونکہ از سرِ نو کرائی گئی تھی لہٰذا یہ کہنا غلط نہ ہو گا کہ اس کتابچے کے معنوی حسن میں ہی نہیں ظاہری حسن میں بھی اضافہ ہو گیا ہے۔ انہی اضافی خوبیوں کے ساتھ اس کتابچے کو ہدیۂ قارئین کیا جا رہا ہے۔

قارئین کے علم میں ہے کہ قرآن اکیڈمی میں، جو مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور کا ایک اہم ذیلی ادارہ ہے، گذشتہ چند سالوں سے " دو سالہ تدریسی نصاب " کے عنوان سے دینی تعلیم کی ایک اسکیم رو بعمل تھی جو بحمد اللہ کئی سال کامیابی سے چلتی رہی اور اس عرصے میں ایک صد سے زائد جدید تعلیم یافتہ نوجوانوں نے دینی تعلیم کے اس نصاب کی تکمیل کی۔ لیکن پچھلے سال بعض وجوہات کی بنا پر، جن کا ذکر غالباً اس سے پہلے 'حکمتِ قرآن' کے صفحات میں کیا جا چکا ہے، اس تعلیمی اسکیم کو عارضی طور پر موقوف کرنے کا اعلان کر دیا گیا تھا۔

اس سال بعض احباب کی دلچسپی کے پیشِ نظر دینی تعلیم کا ایک سالہ تدریسی نصاب ترتیب دیا گیا ہے۔ اس ایک سال کے دوران اصل زور عربی زبان کی تدریس پر رہے گا، ضمنی طور پر علمِ تجوید، علمِ حدیث اور علمِ فقہ سے بھی طلبہ کو روشناس کرایا جائے گا اور کوشش کی جائے گی کہ قرآن حکیم کے بعض منتخب حصّے تفسیر کے ساتھ کم از کم سورۃ البقرہ با ترجمہ ضرور پڑھا دی جائے۔ اس کورس میں داخلے کی شرائط اور بعض دیگر تفصیلات ٹائیٹل کے اندرونی صہ ۳ پر دیکھی جا سکتی ہیں ❀❀❀❀

اس شمارے کی قیمت -/۶ روپے